## سوال

تقدیر

## جواب

تقدیر کا معنی و مفہوم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ تقدیر کیا ہے ، وضاحت فرما دیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! تقدیر کا لغوی مفہوم 'اندازہ کرنا، وزن کرنا، طے کرنا اور مقرر کرنا' ہے۔ جبکہ شرعا تقدیر یہ ہے کہ کائنات کی ہر چھوٹی بڑی، اچھی بری چیز صرف اللہ تعالیٰ کے ارادہ، قدرت، مشیت اور علم سے وجود میں آئی ہے۔ لیکن اس کا یہ ہر گز مفہوم نہیں ہے کہ انسان مجبور محض ہے۔ بلکہ اللہ تعالی نے اسے عقل وشعور سے نوازا ہے اور خیر وشر کو اس کے سامنے واضح کر دیا ہے۔ اب وہ ان میں سے جس کو چاہے اختیار کر سکتا ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے۔ : أَلَمْ نَجْعَل لَّهُ عَيْنَيْنِ O وَلِسَانًا وَشَفَتَيْنِ O وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ O البلد، 90 : 10-8 "کیا ہم نے اس (انسان) کے لئے دو آنکھیں نہیں بنائیں O اور ایک زبان اور دو ہونٹ نہیں بنائے O اور ہم نے اسے دونوں راہیں نمایاں دکھا دیں O'' اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انسان محض مجبور نہیں کہ وہ اپنی مرضی سے کچھ کر ہی نہ سکے مگر یہ کہ جو کچھ اس کے ہاتھوں سر زد ہوا اور جو کچھ آئندہ ہونے والا ہے سب اللہ کے علم میں ہے۔ اسی کا نام تقدیر ہے اور اس پر ایمان لانا ایمان بالقدر کہلاتا ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث